© rasailojaraid.com

214 میں مذکور کتے کی پیدائش کا واقعہ بھی ہے کہ کتا حضرت آدم علیہ السلام کے جسم سے پیدا ہوا ہے، آدم علیہ السلام کی تخلیق کے بعد اللہ تعالیٰ نے فرشتوں کو ان کے دیکھنے کا حکم دیا، جب شیخ نجدی یعنی ابلیس کے دیکھنے کی باری آئی تو اس نے حضرت آدم علیہ السلام کو حقیر سمجھ کر ان پر تھوک دیا، ان کے جسم کا وہ حصہ جدا ہوا اور اس سے کتے کو بنایا گیا، جہاں تھوکا گیا تھا وہ ناف کی جگہ تھی، اس لئے وہاں سوراخ نما خلا باقی ہوتا ہے۔ حاشیہ میں اس واقعہ پر کوئی تعلیق نہیں لگائی گئی، حالانکہ اس طرح کے واقعات کی مولانا علوی صاحب کو تحقیق کرنی چاہیے تھی، جس کا انہوں نے اس کتاب میں بیڑا اٹھایا ہے اور ٹائٹل پر حواشی و تعلیقات کے نیچے ان کا نام درج ہے۔

اسی طرح کتاب کے شروع میں ذکر و اذکار سے متعلق حضرت مولانا سید حسین احمد مدنی رحمۃ اللہ علیہ کی تحریر کا عکس دیا گیا ہے، جس کا موضوع کتاب سے تعلق نہیں ہے، بظاہر معلوم ہوتا ہے کہ وہ غلطی سے لگ گیا ہے۔ کتاب کی زبان قدیم ہے اور اس میں سلاست بھی نہیں ہے، ساتھ ساتھ کمپوزنگ کی غلطیوں نے مزید اس کو پیچیدہ کر دیا ہے، جس کا اندازہ کتاب کے پہلے صفحے سے بھی لگایا جا سکتا ہے، لہٰذا زبان کو جدید انداز میں ڈھال کر آسان بنا دیا جائے اور اس میں جدید علامات ترقیم کا خیال بھی رکھا جائے۔

کتاب کی جلد بندی مضبوط ہے، ملنے کا پتہ ہے: مدرسہ تحفیظ القرآن، بنگلہ نمبر ۳/۲۳-۱ اے، شاہ فیصل کالونی کراچی۔

**بزم منور، خطبات**: مولانا منور حسین سورتی صاحب، ناشر: القاسم اکیڈمی جامعہ ابوہریرہ نوشہرہ، صفحات: ۴۷۴۔

مولانا منور حسین سورتی مدظلہ جامع مسجد بالہم (لندن) کے امام و خطیب ہیں، وہ دیار غیر میں اصلاح و ارشاد کی بزم سجائے ہوئے تبلیغ دین کا فریضہ سرانجام دے رہے ہیں، ''بزم منور'' کے نام سے یہ ان کے خطبات کی نویں جلد ہے، جس کو مولانا عبدالقیوم حقانی کے فرزند حافظ محمد قاسم نے مرتب کیا ہے، آٹھ جلدیں اس سے پہلے منظر عام پر آچکی ہیں اور یہ سلسلہ تاہنوز جاری ہے، اس جلد میں شامل تقریروں کے موضوعات یہ ہیں:

''شرک سے مکمل اجتناب کرو اور توحید کامل اختیار کرو، ناحق قتل کرنا گناہ کبیرہ ہے، شراب کی حرمت، قباحت اور نقصانات، جوے کی قباحت اور بربادی، لعنت کا وبال، قسم کے احکام، حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی تین نصیحتیں، حج و زیارت کا مبارک سفر اور دعائیں، سفر کے آداب اور دعائیں''۔

علمی جواہر پاروں پر مشتمل خطبات کا یہ مجموعہ مساجد کے ائمہ اور خطباء کے لئے زیادہ کارآمد ہے، کتاب کی طباعت و اشاعت معیاری ہے۔

☆☆☆......☆☆☆

© rasailojaraid.com